ما آتاکم الرسول فخذوہ وما نہاکم عنہ فانتہوا

الحمد للہ والمنۃ

کہ بعین نشان خیر و برکت کتاب مسمیٰ بہ

معدن الدقائق

ترجمہ اردو

کنوز الحقائق

جس میں امام عبدالرؤف مناوی رحمۃ اللہ علیہ نے

دس ہزار ۱۰۰۰۰ احادیث نبوی کا بے بہا ذخیرہ جمع کیا

اور خاکسار محبوب عالم نے بعد فراغت حج بیت اللہ شریف سے آکر اہل اسلام ہند کے فائدہ کیلئے اردو ترجمہ کے ساتھ

زیر اہتمام میاں عبد المجید صاحب مینجر پیسہ اخبار لاہور

سنہ ۱۹۳۰ء میں

بار اول

مطبع گلزار ہند سٹیم پریس لاہور میں طبع کرائی

حدیث	ماخذ	ترجمہ	نمبر
ابوبکر افضل ھذہ الامۃ الا ان یکون نبی	(فر)	ابوبکر اس امت کے افضل ترین ہیں مگر یہ کہ نبی ہو۔	۸۲
ابوبکر وعمر سراجا اھل الجنۃ	(فں)	ابوبکر اور عمر اہل جنت کے چراغ ہیں۔	۸۳
ابوبکر وعمر منی بمنزلۃ ھٰرون من موسٰی	(خط)	ابوبکر اور عمر مجھسے بمنزلہ ہارون کے ہیں موسیٰ سے (مددگاری ہیں)	۸۴
ابوسفیان بن الحرث خیر اھلی	(ک)	ابوسفیان بن حرث میرے کنبہ کا بہتر شخص ہے۔	۸۵
اتانی جبریل فقال اقرأ القرآن علی سبعۃ احرف	(ضر)	میرے پاس جبریل آیا اور کہا کہ قرآن سات لغت پر پڑھ۔	۸۶
اتانی جبریل فی خضر تعلق بہ الدر	(قط)	میرے پاس جبریل آیا سبز ے میں جو دور سے متعلق ہوتا ہے۔	۸۷
اتاکم شھر رمضان شھر خیر وبرکۃ	(نجا)	تمہارے پاس ماہ رمضان آیا جو خیر وبرکت والا مہینہ ہے۔	۸۸
ایتدموا من ھذہ الشجرۃ یعنی الزیت	(ط)	اس درخت یعنے زیتون کا سالن بنایا کرو۔ (تعمیم کیفیت مراد ہے)	۸۹
ایتھا علی کل حال اذا کان فی الفرج	(حم)	عورت سے ہر حال میں جماع کر جبکہ فرج میں ہو۔	۹۰
اتخذہ یعنی الخاتم من ورق ولا تتمہ مثقالا	(د)	چاندی کی انگوٹھی پہن اور ایک مثقال پوری مت کر۔	۹۱
اتخذی غنما فان فیھا برکۃ	(ہ)	بکریاں رکھا کر کیونکہ ان میں برکت ہے (مونث سے خطاب ہے)	۹۲
اترعوا الطسوس وخالفوا المجوس	(فر)	پیالوں کو بھرو اور مجوسوں کی مخالفت کرو۔	۹۳
اتضحکون وذکر الجنۃ والنار بین ایدیکم	(ط)	کیا تم ہنستے ہو اور تمہارے سامنے دوزخ وجنت کا ذکر کیا جاتا ہے۔	۹۴
اتق اللہ فی عسرک ویسرک	(ابوقرۃ)	اپنی تنگی اور فراخی کی حالت میں خدا کی نافرمانی سے بچ۔	۹۵
اتقوا اللہ واعدلوا فی اولادکم	(ق)	خدا کی بے فرمانی سے بچو اور اپنی اولاد کے (حقوق) میں مساوات کرو۔	۹۶
اتقوا اللہ وصلوا ارحامکم	(حب)	خدا سے بچو اور اپنے قرابتداروں سے رشتوں کو ملاؤ۔	۹۷
اتقوا اللہ فان اخوانکم عندنا من طلب العمل	(ط)	خدا کی نافرمانی سے بچو ہمارے نزدیک تمہارے بھائی وہی ہیں جنہوں نے عمل طلب کیا	۹۸
اتقوا اللہ فی الضعیفین المملوک والمرأۃ	(کر)	خدا کی نافرمانی سے بچو ضعیفوں کے حق میں جو تمہاری ملک ہیں اور عورت۔	۹۹
اتقوا دعوۃ المظلوم فانھا لیس دونھا حجاب	(حم)	مظلوم کی بددعا سے بچو کیونکہ اسکی دعا کے نزدیک کوئی پردہ نہیں ہے۔	۱۰۰
اتقوا دعوۃ المعسر	(فں)	تنگ دست شخص کی بددعا سے بچو۔	۱۰۱
اتقوا السحت بیع الشجر یعنی الکلاء	(عب)	بچو حرام سے۔ درخت کے بیچنے سے (اس سے مراد فروخت گھاس کی ممانعت ہے)	۱۰۲
اتقوا فراسۃ المؤمن فانہ ینظر بنور اللہ	(غب)	مومن کی دانائی سے بچو کیونکہ وہ اللہ کے نور سے دیکھتا ہے۔	۱۰۳
اتقوا القدر فانہ شعبۃ من النصرانیۃ	(خ)	تقدیر کے انکار سے بچو تحقیق وہ نصرانیت کا ایک شعبہ ہے۔	۱۰۴